بڑی طہارت سے کیا سمجھے گیا؟ اس کا سیدھا سا ترجمہ یوں کرنا چاہیے تھا ''تیمّم بالاتفاق وضو کا بدل ہے، البتہ اس کے غسل جنابت کا بدل ہونے میں اختلاف ہے''۔

اس کتاب کی پروف ریڈنگ بھی توجہ سے نہیں کی گئی ہے، جس کی بنا پر بہت سی غلطیاں راہ پا گئی ہیں۔ جائز ناجائز اور حرام حلال ہو گیا ہے۔

کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلاۃ سے غلطیوں کے یہ محض چند نمونے بہ طور مثال پیش کیے گئے ہیں، اس سے پوری کتاب کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ اس میں ترجمہ کی ہزاروں غلطیاں اور خامیاں ہیں، جنھیں درست کیے بغیر کتاب کی نشر و اشاعت کوئی دینی اور علمی خدمت نہیں ہے، بلکہ اس کا بھی اندیشہ ہے کہ اسے پڑھ کر کم علم عوام فقہی مسائل کے سلسلے میں غلطیوں میں مبتلا ہو جائیں گے۔

(بشیر احمد اصلاحی)

تصوف کی اجمالی تاریخ اور اس پر نقد و بحث — مولانا عبدالسلام ندوی

ناشر: مولانا عبدالسلام فاؤنڈیشن ممبئی، صفحات: ۲۸، قیمت -/۱۰۰ روپے

تزکیۂ نفس کا ایک معروف اور مروّج طریقہ تصوف ہے۔ اس کا آغاز کب سے ہوا؟ ابتدائی محرکات کیا تھے؟ پھر اس میں کون سے اجزاء شامل ہو گئے جن کی وجہ سے اس میں بے اعتدالیاں راہ پا گئیں؟ اس کا قابلِ قبول تصور کیا ہے؟۔ اس فکر نے علوم و فنون پر کیا اثرات مرتب کیے؟ اور اس میں کن پہلوؤں سے اصلاح و تجدید کی ضرورت ہے؟۔ زیرِ نظر کتاب میں انھی موضوعات سے بحث کی گئی ہے۔

حرفِ آغاز مصنف کے شاگرد رشید پروفیسر کبیر احمد جائسی کے قلم سے ہے۔ اس میں کتاب کا پس منظر اور اس کی اہمیت بیان کی گئی ہے۔ تصور کی اجمالی تاریخ پر روشنی ڈالتے ہوئے مصنف نے بعض زاہد صحابہ اور بالخصوص اصحابِ صفہ کا تذکرہ کیا ہے۔ باقاعدہ تصوف کی اصطلاح کا آغاز کب سے ہوا اس کی تاریخ بیان کی ہے۔ دورِ اول کے صوفیاء اور بعد کے صوفیاء میں کیا تبدیلیاں رونما ہوئیں اس پر روشنی ڈالی ہے۔ صوفیاء کے